# 11-01-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ وزیراعلی تلنگانہ ریونت ریڈی نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ جاریہ ماہ کے اواخر تک عصری سہولیات کے ساتھ عثمانیہ اسپتال کی نئی عمارت کی تعمیر کا سنگ بنیاد رکھنے کے تمام انتظامات کریں۔

۲۔ پانچ نوجوان بشمول حیدرآباد سے تعلق رکھنے والے دو بھائی سدی پیٹ ضلع کے مرکوک منڈل کے کونڈہ پوچما ساگر پراجکٹ ریزروائر میں غرق ہوگئے۔

۳۔ ایرپورٹس اتھاریٹی آف انڈیا کی مرکزی ٹیم اس ماہ کی 20 تاریخ کو تلنگانہ کے کوتہ گوڑم کا دورہ کرے گی تاکہ مجوزہ گرین فیلڈ ایرپورٹ کے قیام کے لئے درکار اراضی کا معائنہ کیا جاسکے۔

اور

۴۔ حیدرآباد اور وجئے واڑہ کے درمیان قومی شاہراہ کے ٹول پلازہ میں گاڑیوں کا ہجوم دیکھا گیا جس سے ٹریفک جام کی صورتحال پیدا ہوگئی۔

○○

دھول پیٹ کے محکمہ آبکاری کے عہدیداروں نے 6 افراد کو گرفتار کرلیا جو گانجہ کی غیر قانونی خرید و فروخت میں ملوث تھے۔ عہدیداروں نے ان کے پاس سے 21 کلو گانجہ ضبط کیا جس کی مالیت 5 لاکھ روپئے ہے۔ عہدیداروں کے مطابق گرفتار شدگان کی شناخت آکاش سنگھ، درگیش سنگھ، آنند سنگھ، شنکر سنگھ، ہل سنگھ اور لوکیش کمار کے طور پر کی گئی ہے۔ ملزمین 5 افراد سے گانجہ کی خریداری کرتے تھے جن کا تعلق اوڈیشہ سے ہے۔ پولیس نے گانجہ سپلائی کرنے والوں کے خلاف بھی معاملہ درج کرلیا۔

○○

ساوتھ سنٹرل ریلوے کی جانب سے سنکرانتی کے پیش نظر 188 خصوصی ٹرینیں چلائی جارہی ہیں۔ ساوتھ سنٹرل ریلوے کے چیف پبلک ریلیشن آفیسر سریدھر نے کہا کہ مسافروں کی سہولت کے لیے ان ٹرینوں میں تمام اقدامات کیے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وشاکھاپٹنم۔ سکندرآباد وندے بھارت ٹرین میں آج سے اضافی بوگیاں شامل کی گئی ہیں اور عام مسافروں کے لیے بڑی تعداد میں باقاعدہ ٹرینیں چلائی جارہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جملہ 366 خصوصی ٹرینیں جن میں پڑوسی ڈویژنوں کی ٹرینیں شامل ہیں، تلگو ریاستوں کے مختلف اسٹیشنوں اور کولکتہ، چنئی اور برہم پور جیسے دور دراز مقامات کے لئے چلائی جارہی ہیں۔

○○

نیتی آیوگ کے ہیلتھ ممبر ڈاکٹر ونود کے پال نے زور دیتے ہوئے کہا کہ وٹرنری انفراسٹرکچر کو بہتر بنانے کی ضرورت ہے تاکہ مستقبل میں آنے والی وبا سے موثر طور پر نمٹا جاسکے۔ انہوں نے محکمہ افزائش مویشیاں کی جانب سے INDIAN IMMUNALOGICALS

LTDاور نیشنل ڈیری ڈیولپمنٹ بورڈ کے اشتراک سے حیدرآباد میں ''وبا کی تیاری اور ٹیکہ کے اختراعات'' کے موضوع پر منعقدہ کانکلیو سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ڈائگناسٹک سہولیات میں بہتری بھی ان اقدامات میں شامل ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ جلد اس وبا کا پتہ چلے اور ابھرنے والی بیماری پر فوری طور پر اس پر ردعمل ظاہر کیا جائے۔انہوں نے جانوروں کی آنے والی نسل کے ساتھ ساتھ جانوروں اور انسانی صحت پر جانوروں سے انسانوں میں منتقل ہونے والے امراض کو روکا جاسکے۔ڈاکٹر پال نے کہا کہ اندرون 100 دن وبا کے لئے تیاری ،موزوں وقت ہوگا تاکہ مستقبل کی وباوں کا سامنا کیا جاسکے۔

○○

مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے نے کہا ہے کہ حکومت معذور افراد کی بہبود کے لئے پابند عہد ہے۔انہوں نے سرسلہ کلکٹریٹ میں راشٹریہ یوواشری یوجنا اسکیم کے تحت معذورین میں 69 لاکھ روپئے مالیت کی امدادی آلات کی تقسیم کی۔اس موقع پر انہوں نے زور دیتے ہوئے کہا کہ معذورین کی مدد کی ضرورت ہے تاکہ وہ اپنی روزمرہ کی سرگرمیاں آسانی کے ساتھ انجام دے سکیں۔انہوں نے عہدیداروں اور عوام سے خواہش کی کہ وہ ان معذورین کی مدد کریں۔انہوں نے ضلع میں معذورین کیلئے پٹرول پمپ کے قیام کی بھی ستائش کی۔سرکاری وہپ سرینواس، ضلع کلکٹر سندیپ کمار اور دوسرے اس موقع پر موجود تھے۔

○○

وزیر اعلی تلنگانہ ریونت ریڈی نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ جاریہ ماہ کے اواخر تک عصری سہولیات کے ساتھ عثمانیہ اسپتال کی نئی عمارت کی تعمیر کا سنگ بنیاد رکھنے کے تمام انتظامات کریں۔انہوں نے حیدرآباد میں ان انتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے عہدیداروں سے گوشہ محل میں اراضی کے بارے میں تفصیلات طلب کیں اور انہیں ہدایت دی کہ وہ اراضی کو منتقل کرنے کے کام کرے جو مختلف محکمہ جات کے تحت ہے۔حکام نے وزیر اعلی کو نئے اسپتال کی عمارت کے ڈیزائن سے واقف کروایا اور آسان نقشے بھی دکھائے۔انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ روڈنٹ ورک کی ترقی ، پارکنگ کی سہولیات ،مردہ خانہ اور اسپتال کے احاطہ میں دیگر انفراسٹرکچر جیسے مستقبل کی ضرورت کو پیش نظر رکھتے ہوئے اسپتال کے ڈیزائن کو حتمی شکل دیں۔

○○

تلنگانہ کے عوام نے سابق وزیر اعظم لال بہادر شاستری کی برسی اور مجاہد آزادی اودے اوبانا کی یوم پیدائش کے موقع پر ان دونوں کو بھرپور خراج پیش کیا۔وزیر اعلی ریونت ریڈی نے لال بہادر شاستری کے پورٹریٹ پر گلہائے عقیدت پیش کئے۔علاوہ ازیں مجاہد آزادی کی یوم پیدائش کے موقع پر خصوصی پروگرام منعقد کئے گئے ۔ریاستی حکومت نے برطانوی حکمرانوں کے خلاف آزادی کی جدوجہد میں سرگرمی کے ساتھ حصہ لینے والے اوبانا کو بھرپور خراج پیش کیا۔اس سلسلہ میں پروگرام رویندر بھارتی تھیٹر میں منعقد کیا گیا۔

○○

ایرپورٹس اتھاریٹی آف انڈیا کی مرکزی ٹیم اس ماہ کی 20 تاریخ کو تلنگانہ کے کوتہ گوڑم کا دورہ کرے گی تاکہ مجوزہ گرین فیلڈ ایرپورٹ کے

قیام کے لئے درکار اراضی کا معائنہ کیا جاسکے۔ تلنگانہ حکومت نے حال ہی میں مرکزی ٹیم کے دورہ کے انتظامات اور تفصیلی پراجکٹ رپورٹ کی تیاری کے مقصد سے 38 لاکھ روپئے منظور کئے تھے۔ وزیر زراعت ٹی ناگیشورراو نے اپنے بیان میں کہا کہ کوتہ گوڑم، کو اس نئے ایرپورٹ کے قیام سے تقویت حاصل ہوگی۔

○○

حیدرآباد اور وجئے واڑہ کے درمیان قومی شاہراہ کے ٹول پلازہ میں گاڑیوں کا ہجوم دیکھا گیا جس سے ٹریفک جام کی صورتحال پیدا ہوگئی کیونکہ کئی افراد سنکرانتی منانے کیلئے اپنے آبائی مواضعات کے لئے روانہ ہوئے۔ ٹول پلازہ کے قریب طویل قطاریں دیکھی گئیں جو اپنی باری کے منتظر تھے۔ دونوں تلگوریاستوں کے آبائی مقامات کیلئے کئی افراد حیدرآباد سے روانہ ہوئے۔ ٹی ایس آر ٹی سی کی جانب سے ایم جی بی ایس اور دلسکھ نگر سے خصوصی بسیں چلائی جارہی ہیں تاکہ آئندہ تین دنوں تک ہجوم سے نمٹا جاسکے۔

○○

تلنگانہ اسٹیٹ ویٹ لفٹنگ اسوسی ایشن کی نائب صدر پی کھائتی نے کہا ہے کہ وہ سوریہ پیٹ ضلع سے ویٹ لفٹرس بنانے کی کوشش کریں گی۔ انہوں نے اوپن تلنگانہ ویٹ لفٹنگ چیمپین شپ کے موقع پر ضلع کے کوداڑ میں تقریب سے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ ریاستی چمپئنز کو مناسب تربیت سے وہ ضلع میں نیشنل چمپئن کے طور پر ابھر سکتے ہیں۔

○○

پانچ نوجوان بشمول حیدرآباد سے تعلق رکھنے والے دو بھائی سدی پیٹ ضلع کے مرکوک منڈل کے کونڈہ پوچما ساگر پراجکٹ ریزرووائر میں غرق ہوگئے۔ مقامی افراد نے دو کو بچایا۔ عینی شاہدین کے مطابق سات نوجوان تیراکی کے لئے ڈیم پہنچے تھے۔ تاہم اتفاقی طور پر پانچ غرق ہوگئے۔ اطلاع ملتے ہی پولیس وہاں پہنچی جس نے تحقیقات کا آغاز کردیا۔ ان تمام کی عمر 17 سے 20 سال کے درمیان ہیں۔ مہلوکین کی شناخت دھنوش، لوہت، دنیشور، جتن کے طور پر کی گئی ہے۔ دھنوش اور لوہت دونوں بھائی ہے۔

○○

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے سدی پیٹ ضلع کے کونڈا پوچما ساگر پراجکٹ میں نوجوانوں کے غرق ہونے کے واقعہ پر دکھ کا اظہار کیا۔ انہوں نے ضلعی حکام کو ہدایت دی کہ ماہر تیراکوں کے ساتھ تلاشی کا آپریشن جاری رکھا جائے۔ انہوں نے مناسب راحت اقدامات فوری کرنے کی ہدایت دی۔ بی آر ایس قائدین ہریش راو اور کویتا نے اس واقعہ پر گہرے دکھ کا اظہار کیا۔ انہوں نے حکومت سے خواہش کی کہ مستقبل میں ایسے واقعات کو روکنے کے لئے اقدامات کئے جائیں۔ انہوں نے غمزہ خاندانوں کو معاوضہ دینے کا مطالبہ کیا۔

○○

آصف آباد ضلع کے جینور منڈل کے عوام نے Himan Darf اور Betty Elizabeth کو ان کی برسی کے موقع پر خراج پیش کیا۔ ایک سرکاری پروگرام میں ضلع کلکٹر وینکٹیش دھوترے، ڈسٹرکٹ ٹرائبل ویلفیر آفیسر رما دیوی اور دیگر نے اس موقع پر قبائیلوں کی بہبود کے

لئے ان دونوں کی نمایاں خدمات کو یاد کیا۔

○○

مرکزی وزیر آئی ٹی، الکٹرانکس و اطلاعات ونشریات اشونی ویشنو نے چینائی کی اسمبلی لائن میں عصری Syrma SGS Technologies کا افتتاح کیا۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملک کو شاندار طریقہ سے کام کرنا چاہئے تا کہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ ماحول دوست نظام آنے والے دنوں میں تیار کیا جاسکے۔انہوں نے کہا کہ اِس سے آتمانربھر بھارت کے ویژن کو پورا کرنے میں مدد ملے گی۔انہوں نے کہا کہ گلوبل الکٹرانک مینوفیکچرنگ میں ملک کے مقام کو مستحکم کیا جاسکے گا۔

○○

وزیر زراعت ناگیشور راؤ نے خطرہ سے دوچار کونڈا ریڈی طبقہ کی بہبود اوران کی مستقبل کی نسلوں کی ترقی کے لئے تمام کوششوں کا تیقن دیا۔ وزیر موصوف نے بھدرادری کوتہ گوڑم ضلع کے مختلف مقامات پر پانچ کروڑ مالیت کے ترقیاتی کاموں کا افتتاح کیا۔انہوں نے پام آئیل کا پودہ لگاتے ہوئے اس طبقہ کی اراضی میں پہلے پام آئیل شجرکاری کا افتتاح کیا۔

○○

پردھان یشسوی اسکیم میں نمایاں رول ادا کرنے والے 23 افراد اور 8 دیگر جنہوں نے پارچہ جات اور دستکاری میں بہتر مساعی کی تھی کو دہلی کے کرتیوا پتھ پر ہونے والے یوم جمہوریہ کی تقاریب میں شرکت کے لئے مدعو کیا گیا ہے۔وزارتِ دفاع کے پی آر او شیواہری نائک نے یہ بات بتائی۔

○○